[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 1535** **L**

Unique Paper Code : 2143200001

Name of the Paper : Poet Meer Taql Meer (DSE)

Name of the Course : **B.A. (Hons) Urdu**

Semester : VI

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**<u>Instructions for Candidates</u>**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ آخری سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ میر تقی میرؔ کی حالات زندگی پر روشنی ڈالیے۔

۲۔ میر تقی میرؔ کے فکر و فن پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔

۳۔ میر تقی میرؔ کی شاعرانہ عظمت سے بحث کیجیے۔

۴۔ میر تقی میرؔ کے تصورِ عشق پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

۵۔ میر تقی میرؔ کے شاعرانہ اسلوب اور زبان و بیان پر روشنی ڈالیے۔

۶۔ میر تقی میرؔ کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

۷۔ درج ذیل انتخابات میں سے کسی ایک حصے کی تشریح کیجیے۔

(الف)

جو اس شور سے میرؔ روتا رہے گا — تو ہمسایہ کاہے کو سوتا رہے گا

میں وہ رونے والا جہاں سے چلا ہوں — جسے ابر ہر سال روتا رہے گا

مجھے کام رونے سے اکثر ہے ناصح
تو کب تک مرے منھ کو دھوتا رہے گا

بس اے گریہ آنکھیں تری کیا نہیں ہیں
جہاں کو کہاں تک ڈبوتا رہے گا

مرے دل نے وہ نالہ پیدا کیا ہے
جرَس کا بھی جو ہوش کھوتا رہے گا

تو یوں گالیاں غیر کو شوق سے دے
ہمیں کچھ کہے گا تو ہوتا رہے گا

(ب)

جو تو ہی صنم ہم سے بیزار ہو گا
تو جینا ہمیں اپنا دشوار ہو گا

غمِ ہجر رکھے گا بے تاب دل کو
ہمیں کُڑھتے کُڑھتے کچھ آزار ہو گا

تجھے دیکھ کر لگ گیا دل نہ جانا
کہ اس سنگ دل سے ہمیں پیار ہو گا

نظر بھر دیکھتا کوئی تو تم آنکھیں چھپا لیتے
سماں اب یاد ہو گا کب تمھیں وہ خورد سالی کا

چمک یاقوت کی چلتی ہے اتنی دیر کاہے کو
اچنبھا ہے نظر بازوں کو ان ہونٹوں کی لالی کا

دماغ اپنا تو اپنی فکر ہی میں ہو چکا یکسر
خیال اب کس کو ہے اے ہم نشیں نازک خیالی کا